21195 ـ ليٹرين ميں جماع كرنے كا حكم

سوال

كيا مرد كےليےجائز ہے كہ اوپر كپڑا ليے بغيراپنى بيوى سے ہم بسترى كرلے ، اور كيا ليٹرين ميں ہم بسترى كرنا جائز ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

جى ہاں مرد كے ليے بغير كپڑا ليے اپنى بيوى سے ہم بسترى كرنا جائز ہے ، اوراسى طرح ليٹرين ميں بھى جماع كرنا جائز ہے ، ليكن ايسا كرنے ميں كئى قسم كى مخالفات مرتب ہونگي :

شائد كہ آپ كے علم ميں جب مرد اپنى بيوى سے ہم بسترى كرنا چاہے تو سنت ہے كہ وہ يہ دعا پڑھے :

(بسم الله ، اللهم جنبنا الشيطان وجنب الشيطان ما رزقتنا) اللہ تعالى كے نام سے ، اے اللہ ہميں شيطان سے دوررکھ اور جوكچھ ہميں عطا كرے اس سے بھى شيطان كودور ركھ ـ

اورشائد آپ كے علم ميں يہ بھى ہوكہ قضائے حاجت والى جگہ پر اللہ تعالى كاذكر صحيح نہيں ، توجوشخص ليٹرين ميں يہ كام كرے گا وہ كس طرح يہ دعا پڑھے گا ؟ ليكن اگر وہ وہاں سے باہر نكلے اوردعا پڑھ كرپھر وہاں داخل ہوجائے ـ

واللہ اعلم .